حضرت مفتی صاحب مدظلہ دہلی تشریف لے آئے

دہلی،

آج صبح (۵ مارچ) کو حضرت مولینا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب لکھنؤ سے دہلی تشریف لے آئے، خدا کا شکر ہے کہ ان کی صحت پہلے سے کافی بہتر ہے۔ علاج برابر جاری ہے۔ آج جب مولینا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب دہلی پہنچے تو لکھنؤ سے ہی ہمارے بہنوئی جناب اطہر صدیقی صاحب برادر عزیز نجیب الرحمٰن اور شاداب سلمہٗ حضرت مفتی صاحب کے ہمراہ آئے تھے۔ اور دہلی اسٹیشن پر باوجود موسم کی خرابی کے بہت بڑی تعداد میں اکابر کرام، مسلم زعماء اور سرکردہ حضرات موجود تھے، جن میں خاص طور پر قابلِ ذکر حضرات کے اسمائے گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔

مولانا قاضی سجاد صاحب نائب متولی ہمدرد دواخانہ، مولانا مفتی ضیاء الحق صاحب دہلوی، مولینا خلاق حسین صاحب دہلوی، الحاج مولینا سید آفتاب احمد صاحب، صاحبزادہ مولینا بدرعالم صاحب میرٹھی رح، حضرت مولینا محمد سالم صاحب قاسمی، مولینا حامد الانصاری غازی صاحب جناب مفتی شوکت علی صاحب فہمی، قاضی ارشاد احمد صاحب (ہمدرد دواخانہ) جناب نرنجن سنگھ لانبہ، جناب اللہ علی صاحب دہلوی، مسٹر محمد آصف فہمی صاحب، مولوی محمد عدنان قاسمی صاحب۔

مکان پر پہنچنے کے بعد، حضرت حکیم الاسلام مولینا قاری محمد طیب صاحب مدظلہٗ مہتمم دارالعلوم دیوبند، مولینا محمد فاروق میرواعظ کشمیر، پیر مشتاق احمد صاحب، ڈاکٹر عبدالجلیل صاحب مولینا غلام محمد نورگت، مولینا ابواللیث صاحب امیر جماعت اسلامی ہند، مولانا محمد مسلم صاحب مدیر دعوت، مسٹر اطہر صدیقی (وائس پریزیڈنٹ ...) مسٹر سید راحت میاں (آل انڈیا ریڈیو)